SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**June 7, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی نے کمپنیز ایکٹ اور لمیٹڈ لائبلٹی ایکٹ کے تحت قوائد مشتہر کر دئے

اسلام آباد(7 جون)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نئے نافذ العمل ہونے والے کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنوں کی رجسٹریشن کے نئے قوائد (ریگولیشنز)اور انٹرمیڈیئریٹیز کی رجسٹریشن کے قوائد کے مسودے عوامی رائے عامہ کے حصول کے لئے جاری کر دئے ہیں۔ علاوہ ازیں، لمیٹڈ لائبلٹی لارٹنر شپ ایکٹ 2017 کے تحت بنائے جانے قوائد کا مسودہ بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ تینوں قوائد کے مسودے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ بھی فراہم کر دئے گئے ہیں۔

کمپنیوں کی رجسٹریشن کے مجوزہ قوائد میں کمپنیوں کی رجسٹریشن اور نئی کمپنی کے لئے نام کے حصول کا طریق کار بھی سہل و آسان بنا دیا گیا ہے۔ نئے قوائد میں نئی کمپنی کا نام مختص کرنے اور کمپنیوں کے ناموں کو ان کے کاروباری کی نوعیت کے حساب سے رکھنے کے حوالے سے رہنمائی بھی فراہم کر دی گئی ہے۔

اسی طرح سے انٹرمیڈیئریٹیز کی رجسٹریشن کے قوائد کے تحت اب کمپنیوں کی جانب سے رجسٹرار کو سالانہ یا سہ ماہی گوشوارے، دستاویزات اور رپورٹیں جمع کروانے کی خدمات فراہم کرنے والے انٹرمیڈیئریٹیز کے لئے بھی شرائط مقرر کر دی گئیں ہیں۔ مجوزہ قوائد میں ان خدمات فراہم کرنے والے افراد اور اداروں کے لئے رجسٹریشن لازمی قرار دے دی گئی ہے جبکہ ان قوائد میں انٹرمیڈیئریٹیز کی رجسٹریشن کا طریق کار اور اہلیت، ان کے فرائض و ذمہ داریوں کا بھی تعین کر دیا گیا ہے۔ موجودہ انٹرمیڈیئریٹیز کے لئے لازمی ہو گا کہ وہ نئے ریگولیشن کے جاری ہونے کے نوے دن کے اندر اندر نئے ریگولیشن کے تحت رجسٹریشن حاصل کریں۔

حال میں میں نافذ العمل ہونے والے لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنر شپ ایکٹ 2017 کے تحت کاروبار رجسٹر کروانے کی ایک نئی قسم متعارف کروائی گئی ہے جس کے تحت ایک عمومی پارٹنر شپ کی رجسٹریشن کے ذریعے لمیٹڈ لائبلٹی کمپنی کے فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ مجوزہ لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنر شپ ریگولیشن میں رجسٹریشن کا طریق کار، اکاؤنٹ اور گوشواروں کی شرائط اور پاٹنرز کی اہلیت اور حقوق کا تعین کیا گیا ہے۔ مجوزہ ریگولیشن میں موجودہ فرم اور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کی بطور لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنر شپ رجسٹریشن کا طریق کار بھی دیا گیا ہے۔

نئے قانون کے تحت ریگولیشن میں کاروبار میں آسانیاں فراہم کرنے کے مقصد کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ان قوائد کے بارے میں عوام اور سٹیک ہولڈرز انیس جون تک ایس ای سی پی کو اس ایڈریس (commission.secretariat@secp.gov.pk) پر اپنی تجاویز و آراء بھجوا سکتے ہیں۔